کاشف رحمان، بلال، ذیشان رحمان اور شیخ احسان الحق کو صدمہ

مورخہ 13 ستمبر بروز منگل سیٹھی محمد ارشد کے تایازاد بھائی، شیخ احسان الحق کے چچا، کاشف رحمان، بلال رحمان اور ذیشان رحمان کے والد شیخ عبدالرحمٰن وفات پاگئے۔ مرحوم بڑی خوبیوں کے مالک تھے۔ ان کی وصیت کے مطابق جنازہ حافظ عبدالحمید نے پڑھانا تھا مگر ان کے بیرون ملک سفر کی وجہ سے شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل صاحب نے نماز جنازہ پڑھایا۔

قمر حسین بٹ، محمد فیاض بٹ اور محمد سرور بٹ (فرسٹ مون میرج ہال) کو صدمہ

مورخہ 17 ستمبر بروز ہفتہ قمر حسین بٹ کا جوان سال بیٹا عامر بٹ طویل علالت کے بعد وفات پاگیا۔ "انا للہ و انا الیہ راجعون"۔ اس کی نماز جنازہ پولیس لائن گراؤنڈ میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ جس میں بھاری تعداد میں لوگوں نے شرکت کی ؎ حسرت ان غنچوں پہ جو بن کھلے مرجھا گئے.....

ادارہ "حرمین" جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکور بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ امین!

ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر (القرآن)

اور بے شک ہم نے قرآن کو سمجھنے کیلئے آسان کر دیا ہے پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟

قرآن فہمی کیلئے

ترجمہ قرآن کلاس کا اجراء

داخلہ شروع ہے

بوقت بعد از نماز مغرب (دورانیہ کلاس آدھ گھنٹہ)

بمقام مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث جہلم

جامعہ کے سالانہ امتحانات اور تعطیلات

قسم تحفیظ القرآن الکریم کے سالانہ امتحانات مورخہ 6 ستمبر بروز منگل سے شروع ہوکر مورخہ 7 ستمبر بروز بدھ اختتام پذیر ہوئے۔قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ (درس نظامی) کے امتحانات اولاً 11 ستمبر بروز اتوار سے شروع ہوکر 19 ستمبر بروز سوموار اختتام پذیر ہوئے۔ثانیاً 20 ستمبر بروز منگل سے شروع ہوکر 28 ستمبر بروز بدھ اختتام پذیر ہوئے اور تعطیلات 30 ستمبر بروز جمعۃ المبارک نتائج کے بعد سے 11 نومبر بمطابق 8 شوال بروز جمعۃ المبارک تک ہونگی۔ جامعہ کا نیا تعلیمی سال 12 نومبر بمطابق 9 شوال بروز ہفتہ سے شروع ہوگا۔ان شاءاللہ

ہم قائد طلبہ جناب حافظ بابر فاروق رحیمی صدر ASF ومتحدہ طلبہ محاذ پاکستان

کی قیادت پر مکمل اعتماد کرتے ہوئے اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن صوبہ پنجاب کی نو منتخب کابینہ

صدر	سعد مدنی	آف جہلم
نائب صدر	رانا عبدالرحمٰن جانباز	مظفر گڑھ
سیکرٹری فنانس	نوید انصاری	فیصل آباد
سیکرٹری اطلاعات	ابوذر قریشی	لاہور
جنرل سیکرٹری	عبدالمالک	سرگودھا
ڈپٹی سیکرٹری جنرل	بابر سلفی	شیخوپورہ
سیکرٹری نشرواشاعت	محمد فاروق اعوان	کھاریانوالہ
ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات	ملک محمد اعظم کھوکھر	گوجرانوالہ

کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

منجاب: حافظ محمد عمران سیکرٹری نشرواشاعت ASF پاکستان

وفیات

محمد جمیل (حرمین ٹیلرز) کو صدمہ

مورخہ 26 جولائی بروز منگل محمد جمیل کے چچا محترم دینہ میں وفات پا گئے۔اناللہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم بڑے ہی بااخلاق شخصیت کے مالک تھے۔ان کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ صاحب نے پڑھائی۔

محمد احمد جمیل (زونل چیف یو۔بی۔ایل) کو صدمہ

مورخہ 12 ستمبر بروز سوموار محمد احمد جمیل کی والدہ محترمہ (پرنسپل عبدالعزیز مرحوم کی بیوہ) وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ بڑی ہی پرہیزگار اور صوم وصلوٰۃ کی پابند تھیں۔